| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |

سبق کا نام: دیہات اور شہر

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پہچان سکیں کہ پاکستان کے لوگ دیہاتوں اور شہروں میں رہتے ہیں۔
- دیہات کی اہم خوصیات (سہولیات، عمارتیں، ماحول اور پیشے) کی شناخت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں پاکستان کے 70 فیصد لوگ دیہاتوں اور 30 فیصد لوگ شہروں میں رہتے ہیں۔ دیہات میں رہنے والے لوگ سادہ اور تصنع سے پاک ہوتے ہیں۔ انھیں بتائیں آج کے سبق میں ہم دیہات کی اہم خصوصیات کے بارے میں پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 9 پر موجود "دیہات" کا متن پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کے معانی بھی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں دیہاتوں میں آلودگی سے پاک ماحول، لہلہاتی فصلیں، ہرے بھرے کھیت آنکھوں کو تازگی بخشتے ہیں۔ دیہات کے لوگ سادہ، مخلص اور محنتی ہوتے ہیں۔ دیہات میں شہروں کی نسبت سہولتیں کم ہوتی ہیں اور وہاں زیادہ تر لوگوں کا پیشہ زراعت ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ درزی، موچی، ترکھان وغیرہ بھی لوگوں کے پیشے ہوتے ہیں۔
- طلبہ سے پوچھیں ہمارے لیے اناج کون اُگاتا ہے؟ انھیں بتائیں دیہاتوں میں مردوں کے ساتھ عورتیں بھی کھیتوں میں کام کرتی ہیں اور وہ مل جُل کر ہمارے لیے اناج، پھل اور سبزیاں اُگاتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں دیہات میں صحت اور تعلیم کی سہولیات کم ہوتی ہیں دیہاتوں میں بڑے اسپتال، کالج، یونیورسٹیاں نہیں ہوتیں اور علاج معالجے اور اعلیٰ تعلیم کے لیے لوگوں کو شہروں کا رُخ کرنا پڑتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ کئی پہلوؤں میں دیہات کی زندگی بہتر ہوتی ہے۔ بہر حال کئی سہولتیں ایسی ہیں جو صرف شہروں میں دستیاب ہوتی ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| ٹھنڈک | ٹھنڈ ک | تازگی۔فرحت |
| محنتی | مح۔نَ۔تی | محنت کرنے والا |
| پیشہ | پے۔شہ | کام۔روزگار |
| حصول | حُ۔صُول | حاصل کرنا |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے دیہات کے ماحول اور رہن سہن کے متعلق سوالات کریں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

دیہات کی زندگی پر چند جملے اپنی کاپی میں خوش خط لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

**نام:____________** | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: دیہات اور شہر**

دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| زراعت | صاف ستھرا | دیہاتوں | تعلیم | ہریالی |

ا۔ پاکستان کی زیادہ تر آبادی ____________ میں رہتی ہے۔

۲۔ دیہات کا ماحول ____________ اور آلودگی سے پاک ہوتا ہے۔

۳۔ دیہات میں رہنے والے زیادہ تر مردوں کا پیشہ ____________ ہے۔

۴۔ ہر طرف ____________ آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچاتی ہے۔

۵۔ دیہات میں صحت اور ____________ کی سہولیات کم ہوتی ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 3 دوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: دیہات اور شہر

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- شہر کی نمایاں خصوصیات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے دیہی زندگی کے بارے میں سوالات کریں، جیسے دیہات میں لوگ کیسی زندگی گزارتے ہیں؟ زیادہ تر لوگوں کا پیشہ کیا ہوتا ہے؟ انھیں بتائیں دیہاتوں کی نسبت شہروں میں سہولیات زیادہ ہوتی ہیں۔ شہروں میں ضروریاتِ زندگی کا ہر آسائش کا سامان باآسانی میسر ہوتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 10 ''شہر'' کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں شہروں میں اونچی اونچی عمارتیں ہوتی ہیں اور آمد و رفت کے لیے سڑکیں پختہ اور کشادہ ہوتی ہیں۔ شہروں میں تفریح کے مقامات جیسے عجائب گھر، پارک، ہوٹل اور باغات وغیرہ ہوتے ہیں۔ اعلیٰ تعلیم کے لیے کالج اور یونیورسٹیاں ہوتی ہیں جہاں تعلیم کی ہر سہولت موجود ہوتی ہے۔
- انھیں بتائیں شہروں میں صاف پانی، بجلی، فون اور گیس جیسی سہولیات پائی جاتی ہیں۔ سڑکوں پر ٹریفک رواں دواں رہتی ہے ۔ شہروں کے قریب فیکٹریاں اور کارخانے ہوتے ہیں ٹریفک، کارخانوں اور فیکٹریوں سے نکلنے والے دھوئیں سے شہروں کا ماحول عموماً آلودہ ہوتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں شہروں میں لوگ مختلف شعبوں سے وابستہ ہوتے ہیں۔ مثلاً ڈاکٹر، فوجی، انجینئر، پائلٹ، استاد، ترکھان، موچی، درزی، قصاب وغیرہ۔

- شہروں میں صحت کی بہترین سہولتوں کے لیے بڑے بڑے اسپتال اور قابل ڈاکٹرز ہوتے ہیں۔ الغرض شہری زندگی میں ہر قسم کی سہولیات حاصل کی جاسکتی ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| پختہ | پُخ۔تہ | مضبوط |
| کشادہ | ک۔شا۔دَہ | کھلا ہوا |
| عموماً | عَ۔مو۔مَن | عام طور پر |
| بہتر | بِہ۔تر | زیادہ اچھا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق 'سوال نمبر 1' کے سوالات طلبہ سے پوچھیں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ان سوالوں کے جواب کاپی پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اپنے ساتھیوں کے ساتھ شہروں میں پائی جانے والی سہولیات سے متعلق گفتگو کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ______________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: دیہات اور شہر |
| --- | --- | --- |

سوال 1: شہری زندگی کے بارے میں معلومات لکھیں۔

رہن سہن

______________________________

______________________________

عمارتیں

______________________________

______________________________

پیشے

______________________________

______________________________

| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 تیسرا دن | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: دیہات اور شہر

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- دیہاتی اور شہری زندگی کا موازنہ کر سکیں۔
- شہر اور دیہات کے لوگوں کے مشترکہ پیشوں کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ دیہاتی اور شہری زندگی میں بہت فرق پایا جاتا ہے دیہات میں طرح طرح کی قدرتی غذائیں ملتی ہیں جو شہر میں میسر نہیں۔ اسی طرح کئی اعتبار سے شہری زندگی بھی بہتر ہوتی ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 10 تا 11 مکمل سبق کی پڑھائی کروائیں اور متن کو سادہ اور آسان الفاظ میں واضح کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ شہروں میں ضروریات زندگی کی تمام سہولیات موجود ہوتی ہیں۔ جبکہ دیہی علاقوں میں بہت سی سہولیات میسر نہیں ہوتیں۔
- شہروں میں بڑی بڑی عمارتیں تفریح کے لیے باغات اور ہوٹل وغیرہ پائے جاتے ہیں۔ آمدورفت کے لیے پختہ سڑکیں، ریلوے اسٹیشن، ائیرپورٹ موجود ہوتے ہیں۔
- شہروں میں لوگوں کا زیادہ تر پیشہ ڈاکٹر، انجینئر، پائلٹ وغیرہ ہوتا ہے۔ جبکہ دیہی علاقوں میں زیادہ تر لوگوں کا پیشہ زراعت ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ استاد، موچی، درزی اور قصاب کا پیشہ شہروں اور دیہاتوں دونوں میں پایا جاتا ہے۔

- شہروں میں صحت اور تعلیم کے لیے اسکول، کالج، یونیورسٹیاں اور بڑے اسپتال ہوتے ہیں جبکہ دیہاتوں میں ان سہولیات کی کمی ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ لوگوں کو علاج معالجے اور اعلیٰ تعلیم کے لیے شہروں کا رخ کرنا پڑتا ہے۔
- شہروں میں گاڑیوں کا دھواں اور کوڑا کرکٹ ماحول کو آلودہ کرتا ہے جس کی وجہ سے بہت سی بیماریاں جنم لیتی ہیں جبکہ دیہاتوں کی فضا صاف ستھری اور گرد و غبار سے پاک ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دیہات کے لوگوں کی صحت بہتر ہوتی ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| ہریالی | ہر۔یالی | سبز اور تازہ گھاس |
| وابستہ | وا۔بس۔تہ | متعلق |
| دیگر | دِی۔گر | علاوہ |
| رُخ | رُخ | جانب |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق کا سوال نمبر ۲ طلبہ سے کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

آپ کے علاقے میں جو سہولیات آپ کو میسر ہیں اور جو سہولیات میسر نہیں ہیں ان کی فہرست بنائیں اور ساتھیوں سے اس کے بارے میں بات چیت کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| سبق: دیہات اور شہر | مضمون: واقفیتِ عامہ | نام:__________ |
|---|---|---|

سوال نمبر 1:   دیہاتوں اور شہروں میں پائے جانے والے مشترکہ پیشوں کے نام لکھیں۔

| مشترکہ پیشے |
|---|

________________________________

________________________________

________________________________

________________________________

سوال نمبر 2:   شہروں اور دیہاتوں کے ماحول میں فرق بتائیں۔

________________________________

________________________________

________________________________

________________________________